InfoVIHtal No. 28

اِنفوویہتال نمبر 28۔اوتونیو 2007۔

مُنہ کے مسائل۔

بہت سی بیماریاں جوکہ وی آئی ایچ سے تعلق رکھتی ہیں مُنہ کو بھی مُتاثر کرتی ہیں، جوکہ وجہ بنتی ہیں السرکی، مُنہ کا خُشک ہوجانا یا پھر درد کا ہونا۔مُنہ کی بیماریاں کسی اِنفیکشن کی وجہ سے بھی ہوسکتی ہیں اور کسی وائرس یا بکٹیریا کی وجہ سے بھی ہوسکتی ہیں۔اور یہ چیزیں بعد میں انسانی جسم کو بھی نُقصان پہنچا سکتی ہیں۔اینٹی ریترو ویرالیس یا کوئی اِس کے مُطعلق دوسرا علاج اِن اِنفیکشنز کے لیئے مدد گار ثابت ہوسکتا ہے۔اِس کے علاوہ یہ بھی بہتر ہوگا کہ ڈاکٹر کو چیک کروایا جائے تا کہ مُنہ کی کوئی بھی خطرناک بیماری کو ہونے سے روکا جاسکے اور سب سے بہتر ہوگا کہ ہرروز دانتوں کی صفائی کی جائے اور دانت صاف کرنے والا دھاگہ بھی اِس بات کا ثبوت ہے کہ دانت صاف ہیں۔اور دوسری طرف جو افراد سگرٹ نوش ہیں اُن میں یہ زیادہ خطرہ ہوگا کسی بھی قسم کی مُنہ کی اِنفیکشن کے ہونے کا اُن افراد کی نسبت جو سگرٹ نہیں پیتے۔

مُنہ کا خُشک ہونا یا مسوڑوں کا سوج جانا۔

مُنہ کا خُشک ہوجانا ہوسکتا ہے کہ کوئی بیماری ہو،جس کا تعلق وی آئی ایچ سے ہو جوکہ بعد میں مسوڑوں کے سوج جانے کا باعث بنے۔اِس قسم کی بیماریاں اُن بچوں میں بہت عام ہیں،جن کو وی آئی ایچ ہو۔ مُنہ کا خُشک ہوجانا اُن تمام دوائیوں کا سائیڈ ایفیکٹ بھی ہوسکتا ہے جو آپ کھا رہے ہوں علاج کے دوران۔اور اِس طرح مُنہ کے مسئلے کی وجہ سے ہوسکتا ہے کہ آپ کو کھانا چبانے میں مسئلہ ہو یا پھر ہاضمے کا مسئلہ ہو،اور اِس طرح آپ کے مُنہ میں ایسڈ کے بڑنے کا زیادہ چانس ہوگا۔اور پھر،جس کی وجہ سے اِس بات کا بہت زیادہ خطرہ بڑ جائے گا کہ کوئی بکٹیریا کی اِنفیکشن ہوجائے یا دانتوں میں کیڑہ لگ جائے۔ایک طریقہ یہ بھی بہتر ہے کہ آپ چیونگم چباتے رہیں بغیر چینی کے۔

السر۔

السر یا پھر مُنہ کے اندر درد والے چھالے بن جانا زبان یا گلے میں درد جو کہ آپ کو کھانا کھانے یا پھر کُچھ بھی پینے نہیں دیتے۔اور پھر آپکو بعذ اوقات اُس کی وجہ بھی معلوم نہیں ہوتی باوجود اِس کے کہ وہ ہرپس وائرس سے تعلق رکھتے ہوں مثال کے طور پر سیتو میگالو بیرُس (سی ایم وی) یا پھر اپیتِن بار (ای بی وی) کا وائرس کہا جاتا ہے. جو مُنہ کے چھوٹے چھالے ہوتے ہیں وہ ٹھیک ہوسکتے ہیں اگر آپ با قاعدگی سے کُلیاں کریں، یا پھر کوئی اچھی سی جیل استعمال کریں۔اور اگر چھالے زیادہ ہوں تو تالیمومیدا کا استعمال بھی اچھا ثابت ہوسکتا ہے۔تالیمومیدا ایک بہت ہی خاص قسم کی دوا ہے اور بہت ہی خاص کیسوں میں اِس کا استعمال کیا جاتا ہے اور اِس کا استعمال کرنے سے پہلے ہمیشہ ہیلتھ منسٹری سے اجازت لینی پڑتی ہے اور پھر ڈاکٹر کی موجودگی میں اِس کا استعمال کیا جاتا ہے۔

کاندیدیاسس یا السر کی وجہ۔

کاندیدیاسِس اورال یا السر کی وجہ ایک سفید نشان ہوتا ہے جوکہ مُنہ کے اندر ہوتا ہے یا گلے میں۔یہ نشان سُرخ نشان میں بھی تبدیل ہوسکتے ہیں یا مُنہ میں مسوڑے بھی سوج سکتے ہیں۔یہ جو السر ہوتا ہے ہوسکتا ہے کہ یہ اونگوس کے بہت بڑ جانے کی وجہ سے ہو جو قُدرتی طور پر ہوتے ہیں۔اِس قسم کی حالات تب ہوسکتے ہیں جب انسانی جسم بیمار ہو (مِثال کے طور پر سی ڈی چار کا ملاپ چارسو کے نیچے ہو)۔اور افتاس کی ایک وجہ یہ بھی ہوسکتی ہے اینٹی باؤ ٹِک کا استعمال۔بہت سی ادویات اینٹیمیکوٹیکوس بہت مُفید ہوتی ہیں مُنہ کے اونگوس کے لیئے۔اور فلوکوناسول یہ ایک بہت ہی اچھا علاج ہے،جس میں بہت کم ٹوکسیکوس ہوتی ہے۔اور اِس قسم کے مثائل سے بچنے کے لیئے آپ یہ دوائی بہت کم تعداد میں بھی استعمال کرسکتے ہیں، جبکہ کُچھ ڈاکٹروں کا کہنا یہ بھی ہے کہ بعذ اوقات خطرناک بھی ثابت ہوسکتی ہے۔اور مُنہ کے اونگوس کا علاج عام طور پر دوسری دوائیوں سے کیا جاتا ہے (مِثال کے طور پر انہیید وریس دے لا پروتیسا)۔ہم آپ کو مشورہ دیں گے کہ اپنے ڈاکٹر سے بات کریں جب بھی اِس قسم کے حالات پیدا ہوں۔

gtt
grupo de trabajo sobre tratamientos del VIH
e-mail: contact@gtt-vih.org
website: www.gtt-vih.org

Generalitat de Catalunya Departament de Salut
TROPICAL DRASSANES
FUNDACIÓN RENTA
Adaptación de nam www.aidsmap.com
MINISTERIO DE SANIDAD Y CONSUMO
SECRETARÍA GENERAL DEL PLAN NACIONAL SOBRE EL SIDA

لیاوکو پلاسیا ہیو دا۔

لیاوکو پلاسیا ہیو دا وجہ بنتا ہے چھوٹے ایریا میں چھوٹے سے پروٹو برانسیا س جو کہ بلکپل ہیو جیسے ہوتے ہیں اور عام طور پر زبان کے سنٹر میں نکلتے ہیں۔ اور اِن جگہوں پر مُنہ اونگوس بھی ہوتے ہیں مگر یہ آسانی سے صاف نہیں کیئے جاسکتے۔ عام طور پر یہ ملتے ہیں زبان کے مارجن کے درمیان اور جبکہ کبھی کبھار یہ پوری زبان پر بھی پھیل جاتے ہیں۔ اور جو لیاوکو پلاسیا ہیو دا کی وجہ ہوتی ہے وہ ہے اپسٹائن بار کا وائرس اور پھر جس کا علاج کیا جاسکتا ہے اینٹیر یترو ویرال دوائی کے ساتھ۔ اور جو علاج ہرپس، بیروگاس، اونگوس یا سی ایم وی کے لیئے ہوتا ہے بعذ اوقات ہوسکتا ہے کہ وہ لیاوکو پلاسیا ہیو دا کے لیئے بھی مُفید ثابت ہو۔

ژنجی بی تس۔

سوزش اور درد موسوڑوں کی ژنجی بی تس کے نام سے جانی جاتی ہے، جو کہ ایک بکٹیریا سے ہوتی ہے جو کہ جبڑے میں ہوتا ہے۔ اور یہ بکٹیریا پھر مسوڑوں میں انفیکشن کرتا ہے جس سے وہ پھول جاتے ہیں، سوزش ہو جاتی ہے خون نکلتا ہے یا بد بو آتی ہے۔ لہاذا اِس قسم کی انفیکشن سے بچنے کے لیئے نہایت ضروری ہے کہ دانتوں کی ہر روز صفائی کی جائے اور دانت صاف رکھے جائیں۔ اور اسی طرح اینٹی بائیو ٹِک اور مُنہ کی کلیاں بھی اِس انفیکشن کو روکنے میں مددگار ثابت ہوسکتی ہیں، جب کہ کُچھ قسم کی دوائیاں تنگ بھی کرتی ہیں کیونکہ اُن میں الکوحول ہوتی ہے۔ لہاذا اپنے ڈاکٹر سے مشورہ کریں کہ آپ کے لیئے کونسی چیز مُفید ہو سکتی ہے۔

ہرپس۔

ہرپس جو ہوتے ہیں بہت چھوٹے ہوتے ہیں مگر یہ درد بہت کرتے ہیں ہونٹوں پر یا مُنہ میں، جو کہ بنتے ہیں ایک ہرپس کے سمپل وائرس وہ ایچ ایس۔ 1 سے اور پھر بہت سے ہفتے لگ جاتے ہیں اُن کو ٹھیک ہونے میں۔ ایک شخص جس کو وی آئی ایچ ہو اور اُس میں ہرپس خینیتال یا اورال خطرنات اور بڑنے والے ہوں تو بہت حد تک ممکن ہے کہ وہ ایڈز کی شکل اختیار کرلے۔ جو ہرپس ہونٹوں پر ہوتے ہیں اُن کا علاج ایک کریم اینٹی ہرپس سے کیا جاسکتا ہے، اور یہ بھی ہے کہ کُچھ ڈاکٹر اِس کے موئثر ہونے پر زیادہ یقین نہیں رکھتے۔ ہرپس کو ہونے سے روکنے یا پھر اِس کے علاج کے لیئے جو دوائیاں اینٹی ہیرالیس زیادہ استعمال ہوتی ہیں وہ ہیں آسکلو بیر یا بالا سکلو بیر۔

سارکو مادے کا پوسی اور لِن فوما۔

جیسا کہ سارکو مادے کا پوسی ویسے ہی لِن فوما بعذ اوقات مُفید ہوسکتے ہیں مُنہ اور گلے کے لیئے۔

grupo de trabajo sobre tratamientos del VIH
e-mail: contact@gtt-vih.org
website: www.gtt-vih.org

POR FAVOR, FOTOCÓPIALO Y HAZLO CIRCULAR

Generalitat de Catalunya Departament de Salut
TROPICAL DRASSANES
FUNDACIÓN RENTA
Adaptación de nam www.aidsmap.com
MINISTERIO DE SANIDAD Y CONSUMO
SECRETARÍA GENERAL DEL PLAN NACIONAL SOBRE EL SIDA